نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے چنے کی بہتر پیداوار کے لئے سفارشات جاری کر دیں

لاہور **28 جنوری 2022:** ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے بتایا ہے کہ چنا ربیع کی ایک اہم پھلی دار فصل ہے۔ پنجاب میں تقریباً 22 لاکھ ایکڑ رقبے پر چنے کی کاشت کی جاتی ہے جو ہمارے ملک میں چنے کے کل رقبے کا تقریباً 80 فیصد ہے۔ پنجاب میں چنے کا تقریباً 92 فیصد رقبہ بارانی علاقوں میں کاشت کیا جاتا ہے جس میں زیادہ تر تھل بشمول بھکر، خوشاب، لیہ، میانوالی اور جھنگ کے اضلاع شامل ہیں۔ ان اضلاع کے بارانی علاقوں کے کاشتکاروں کی معیشت کا انحصار زیادہ تر اسی فصل پر ہے۔ چنا غذائیت کے اعتبار سے بھی ایک اہم جنس اور گوشت کا نعم البدل ہے۔ پھلی دار فصل ہونے کی وجہ سے یہ ہوا سے نائٹروجن حاصل کر کے اسے زمین میں شامل کرتی ہے جس سے زمین کی زرخیزی بحال رہتی ہے۔ چنا کی فی ایکڑ بہتر پیداوار کے حصول کیلئے فصل سے جڑی بوٹیوں کی تلفی اور نقصان رساں کیڑوں کا تدارک نہایت ضروری ہے۔ حالیہ بارشوں کی وجہ سے چنے کی فصل پر بہت اچھے اثرات مرتب ہوئے ہیں اور فصل کی نشوونما بھی بہت بہتر ہو رہی ہے لیکن ان بارشوں کے باعث چنے کی فصل میں جڑی بوٹیوں کی نشوونما بھی تیز ہوگئی ہے۔ چنے کی جڑی بوٹیاں مثلاً پیازی، باتھو، کرنڈ، لیہلی، رُت پُھلائی وغیرہ نقصان پہنچاتی ہیں۔ کاشتکاران جڑی بوٹیوں کی تلفی بذریعہ گوڈی کریں۔ موسمی حالات کے مدِنظر چنے کی فصل پر امریکن سنڈی اور دیمک کا حملہ ہوسکتا ہے۔ ان کیڑوں کے حملہ کی صورت میں کاشتکار محکمہ زراعت (توسیع) کے مقامی عملے سے مشورہ کریں۔ کاشتکار بیج کیلئے فصل ابھی سے مخصوص کر لیں۔ اگلے سال کے بیج کیلئے جڑی بوٹیوں سے پاک صحت مند فصل کا انتخاب کریں اور فصل کی برداشت سے پہلے اسے غیر اقسام اور بیماری سے متاثرہ پودوں سے ضرور صاف کرلیں۔ غیر متوقع موسم کے پیشِ نظر کاشتکار ریڈیو یا ٹیلی ویژن سے نشر ہونے والی پیش گوئی کو مدِنظر رکھیں

☆☆☆☆